CODE : 75

دستخط نگران کار

Booklet Serial No.

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

(ماسٹر آف بزنس ایڈمنسٹریشن) انٹرنس ٹسٹ - مئی 2026

**(Master of Business Administration) Entrance Test – May 2026**

**Question Paper Booklet** کتابچہ پرچہ سوالات

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

**وقت: دو گھنٹے** نمبرات:100

## امیدواروں کے لیے ہدایات

1. امیدوار ہر حال میں اپنا OMR نمبر اور رول نمبر لکھیں۔ اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر اپنا لکھا نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔

2. یہ پرچہ سوالات کل 40 صفحات پر مشتمل ہے، آخر کا ایک صفحہ Rough Work کے لیے ہے۔ اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے تبدیل کروالیں۔

3. اس کتابچے میں جملہ 100 معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔

4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔ اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرہ نہ گہرا کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔

5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔

6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔

7. انٹرنس ٹیسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچے سوالات اپنے ساتھ لیجاسکتے ہیں

***

CODE : 75

# کاروبار اور معلومات عامہ (Business and General Awareness)

1. ریزروبینک آف انڈیا کا موجودہ گورنر کون ہے؟

(A) کے۔ سی۔ چکرابرتی (B) ڈی۔ کے متل

(C) رگھورام راجن (D) سنجے ملہوترا

2. بینک میں سیونگ بینک اکاؤنٹ (خود کار) کھولنے کے لئے کم از کم عمر کیا ہونی چاہئے۔

(A) آٹھ سال (B) دس سال

(C) بارہ سال (D) ان میں سے کوئی نہیں

3. انکم ٹیکس کے معاملات میں TDS کا مطلب کیا ہے؟

(A) Time Deposit Scheme (B) Total Deposit Scheme

(C) Tax Deducted at Source (D) ان میں سے کوئی نہیں

4. "ہم ہیں نا" (Hum hai Na) کس کا اشتہاری جملہ ہے؟

(A) آئی ڈی بی آئی (B) ایس بی آئی

(C) آئی سی آئی سی آئی (D) ان میں سے کوئی نہیں

5. قومی یوم کھیل 29 اگست کو کس کے اعزاز میں منایا جاتا ہے؟

(A) میکھا سنگھ (B) دھنراج پلے

(C) دھیان چند (D) ان میں سے کوئی نہیں

6. مائیکرو سافٹ کا سی ای او کون ہے؟

(A) سندر پچائی (B) ستیہ ناڈیلا

(C) اروند کرشنا (D) بل گیٹس

7. انفوسیس کا اولین بانی کون ہے؟

(A) این۔ آر۔ نارائن مورتی (B) سودھا مورتی

(C) ایس۔ گوپال کرشنن (D) ایس۔ مورتی

CODE : 75

8. GSTIN میں "I" سے کیا مرد ہے؟

(A) International
(B) Integrated
(C) Identification
(D) Internal

9. Niti Ayog میں Niti سے کیا مراد ہے؟

(A) National Idea to Transform India
(B) National Institute to Transformation of India
(C) National Institution to Training India
(D) National Institution for Transforming India

10. بین الاقوامی کاروبار میں FDI کا مطلب کیا ہے؟

(A) Future Direct Investment
(B) Foreign Direct investment
(C) Further Direct Investment
(D) Fund for Direct Investment

11. ہندوستان کا سب سے بڑا آن لائن شاپنگ پلیٹ فارم__________ہے۔

(A) Meesho
(B) Amazon
(C) Snapdeal
(D) Myntra

12. ہوا کی توانائی، توانائی کے درج ذیل ذرائع میں سے کس سے متعلق ہے؟

(A) Kinetic Energy
(B) Chemical Energy
(C) Non-Renewable Energy
(D) Renewable Energy

13. EV کے لیے کون سی بیٹری کو ترجیح دی جاتی ہے۔۔

(A) Lead-acid (Pb-acid)
(B) Lithium-ion (Li-ion)
(C) Sodium-sulphur (NaS)
(D) Nickel-cadmium (NiCd)

14. BYD ایک کار بنانے والی کمپنی ہے اس کا مکمل نام کیا ہے؟

(A) Beyond your Destination
(B) Buy your Dream
(C) Built your Dreams
(D) None of these

CODE : 75

15. دنیا میں سب سے زیادہ EV بنانے والی کمپنی کونسی ہے؟

(A) OLA
(B) Morris Garrage
(C) Kia Motors
(D) BYD

16. یوٹیوب کا سی ای او کون ہے۔

(A) اے۔ایل موہن
(B) نیل موہن
(C) ایلون مسک
(D) بل گیٹس

17. ہندوستان کا 15 واں صدر جمہوریہ کون ہے؟

(A) دروپدی مرمو
(B) پرنب مکھرجی
(C) رامناتھ کووند
(D) اے۔پی۔جے۔عبدالکلام

18. ہندوستان کے موجودہ چیف الیکشن کمشنر کون ہیں؟

(A) گیانیش کمار
(B) ویویک جوشی
(C) سکھبیر سنگھ
(D) ان میں سے کوئی نہیں

19. پائیدار ترقی کے کتنے اہداف اقوام متحدہ نے طے کیے ہیں؟

(A) 15
(B) 17
(C) 20
(D) 30

20. اقوام متحدہ کا صدر دفتر کہاں ہے؟

(A) نیویارک
(B) ٹوکیو
(C) یوکے
(D) جینیوا

21. ایف آئی سی سی آئی کا صدر دفتر کہاں ہے؟

(A) کلکتہ
(B) چینائی
(C) حیدرآباد
(D) نئی دہلی

CODE : 75

22. 2025-26 کے دوران ہندوستان کے بازار میں کونسا اسمارٹ فون برانڈ چھایا ہوا تھا؟

(A) Samsung
(B) Vivo
(C) Oppo
(D) i-phone

23. اولمپکس میں انفرادی گولڈ میڈل جیتنے والا پہلا ہندوستانی کون ہے؟

(A) وجیندر کمار
(B) میری کوم
(C) ابھینو بیندرا
(D) آر۔ایس۔راتھوڑ

24. سال 2026 کے لیے آئی پی ایل کا Title sponsor کون ہے؟

(A) Tata Group
(B) Havells
(C) Jio
(D) Campa Energy

25. کونسا ملک دنیا میں سب سے زیادہ چاول بر آمد کرتا ہے؟

(A) بھارت
(B) چین
(C) روس
(D) بنگلہ دیش

## حصہ B – حسابی اہلیت (Mathematical Ability)

26. اگر 48 پنسلوں کی قیمت 1344 روپے ہے تو 23 پنسلوں کی قیمت کیا ہو گی؟

(A) 644
(B) 645
(C) 646
(D) 466

27. 9 اور 4 کے فرق کا 5 گنا اور 3 اور 7 کے حاصل ضرب میں جمع کرنے پر حاصل ہونے والا عدد کیا ہو گا؟

(A) 48
(B) 50
(C) 46
(D) 36

28. دو اعداد کا مجموعہ 25 ہے اور اس کا فرق 13 ہے۔ ان اعداد کا حاصل ضرب کیا ہے؟

(A) 104
(B) 114
(C) 124
(D) 134

29. ایک دوکاندار ایک چیز 500 روپیے میں بیچتا ہے اور 25 فیصد منافع حاصل کرتا ہے۔ اس چیز کی قیمت خرید کیا تھی؟

(A) 375 (B) 400

(C) 425 (D) 450

30. 5 طلبا کی اوسط عمر 15 سال ہے۔ اگر ایک نئے طالب علم کی عمر شامل کریں تو اوسط 16 سال ہو جاتی ہے۔ نئے طالب علم کی عمر کیا ہے؟

(A) 18 سال (B) 20 سال

(C) 21 سال (D) 22 سال

31. اگر A:B=2:3 اور B:C=4:5 ہو تو A:B:C کو معلوم کیجیے۔

(A) 8:12:15 (B) 2:4:5

(C) 6:8:15 (D) 8:12:10

32. دودھ کی قیمت 12 روپیے فی لیٹر ہے، اس میں پانی کو کس تناسب سے ملانے پر آمیزے کی قیمت 9 روپیے فی لیٹر ہو جائے گی؟

(A) 1:3 (B) 1:4

(C) 3:1 (D) 4:1

33. ایک بیگ میں 3 سرخ گیند اور 5 نیلی گیند موجود ہیں، اگر اتفاقیہ طور پر ایک گیند نکالی جائے تو سرخ گیند کے نکلنے کا امکان کیا ہے؟

(A) $3/5$ (B) $5/8$

(C) $3/8$ (D) $1/2$

34. اگر ایک پائی چارٹ کے مطابق طلبا کی کل تعداد 400 ہے اور آرٹس کے شعبہ کا زاویہ 90 ڈگری ہے تو آرٹس کے طلبا کی تعداد کتنی ہے؟

(A) 150 (B) 90

(C) 100 (D) 180

35. اگر آج منگل ہے تو 90 دن بعد کون سا دن ہو گا؟

(A) پیر
(B) منگل
(C) چہار شنبہ
(D) جمعرات

36. اگر CAT کا کوڈ 3120 ہے تو DOG کا کوڈ کیا ہو گا؟

(A) 4157
(B) 41514
(C) 41517
(D) 41520

37. ایک آدمی 10 کلومیٹر شمال، پھر 20 کلومیٹر مشرق میں چلتا ہے، اس کے آغاز کے مقام سے مختصر ترین فاصلہ کیا ہے؟

(A) 20 کلومیٹر
(B) 22.36 کلومیٹر
(C) 30 کلومیٹر
(D) 35 کلومیٹر

38. ایک جماعت کے 30 طلباء کے اوسط نمبر 60 ہے، اگر پہلے 10 طلباء کے اوسط نمبر 55 اور اگلے 10 کے 65 ہوں، تو باقی 10 طلباء کے اوسط نمبر کیا ہے؟

(A) 50
(B) 55
(C) 60
(D) 65

39. ایک کشتی کی ساکن پانی میں رفتار 10 کلومیٹر فی گھنٹہ ہے، اگر لہروں کی رفتار 2 کلومیٹر فی گھنٹہ ہو، تو اس کشتی کو 24 کلومیٹر کا فاصلہ لہروں کی مخالف سمت میں طے کرنے کے لیے کتنا وقت درکار ہے۔

(A) 2 گھنٹہ
(B) 3 گھنٹہ
(C) 4 گھنٹہ
(D) 5 گھنٹہ

40. دو ٹرینیں ایک شہر A سے B کی جانب اور دوسری شہر B سے A کی جانب بیک وقت روانہ ہوئی۔ کراسنگ کے بعد وہ بالترتیب 16 اور 9 گھنٹوں میں اپنی منزل پر پہنچتی ہیں، اگر پہلی ٹرین 48 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے چل رہی ہے، تو دوسری ٹرین کی رفتار کیا ہے؟

(A) 64 کلومیٹر فی گھنٹہ
(B) 90 کلومیٹر فی گھنٹہ
(C) 72 کلومیٹر فی گھنٹہ
(D) 60 کلومیٹر فی گھنٹہ

CODE : 75

41. 1200 افراد کا ایک گروپ کپتانوں اور سپاہیوں پر مشتمل ہے جو ٹرین میں سفر کر رہا ہے، ہر 15 سپاہیوں کے لیے ان کا ایک کپتان ہے۔ اس گروپ میں کپتانوں کی تعداد کیا ہے؟

(A) 85　(B) 80

(C) 75　(D) 70

42. A، B سے 3 سال بڑا ہے، اور C سے 3 سال چھوٹا ہے، جبکہ B اور D جڑواں ہیں۔ C، D سے کتنا بڑا ہے؟

(A) 2　(B) 3

(C) 6　(D) 12

43. 4, 10, 22, 46,_______

(A) 56　(B) 66

(C) 76　(D) 94

44. پانچ مسلسل طاق اعداد کا اوسط 59 ہے۔ سب سے بڑے اور سب سے چھوٹے عدد کی جمع معلوم کیجیے۔

(A) 116　(B) 112

(C) 118　(D) 120

45. عدد 3 کے تین مسلسل مضربوں کو تقسیم کرنے والا سب سے بڑا عدد:

(A) 162　(B) 243

(C) 54　(D) 81

46. وہ سب سے چھوٹا عدد جسے 6709 سے منہا کیا جائے تا کہ وہ منہا کیے جانے والے عدد کو 9 سے تقسیم کر سکے۔

(A) 4　(B) 2

(C) 5　(D) 3

47. مندرجہ ذیل مساوات میں B کی زیادہ سے زیادہ قدر کیا ہونی چاہیے؟

5A9 - 7B2 + 9C6 = 823

(A) 5　(B) 9

(C) 6　(D) 7

48. 10 ٹائپسٹ 8 گھنٹوں میں 600 صفحات ٹائپ کر سکتے ہیں۔ ایک گھنٹے میں ہر ٹائپسٹ کی جانب سے ٹائپ کیے جانے والے صفحات کی اوسط تعداد معلوم کریں۔

(A) 8.5صفحات
(B) 7.5صفحات
(C) 7صفحات
(D) 8صفحات

49. $5000 \times 2 \div 400 \times 1 + 200 \div 4 = ?$

(A) 75
(B) 25
(C) 150
(D) 225

50. درجہ ذیل میں سے کونسا مفرد عدد نہیں ہے؟

(A) 61
(B) 31
(C) 71
(D) 91

## تشفی بخش ڈاٹا اور ذہنی اہلیت (Data Sufficiency & Mental Ability)

51. اگر A، B کا بھائی ہے، B، C کی بہن ہے اور C ، D کا باپ ہے تو D کا A سے کیا رشتہ ہے؟

(A) باپ
(B) بھتیجا/ بھتیجی
(C) بھائی
(D) کزن

52. اس سلسلے کا اگلا عدد معلوم کریں......... ,2, 6, 12, 20

(A) 28
(B) 30
(C) 32
(D) 36

53. اگر ایک خفیہ زبان میں APPLE کو ELPPA لکھا جاتا ہے تو Orange کو کیسے لکھا جائے گا؟

(A) EGNARO
(B) EGRONA
(C) NOGARE
(D) GONARE

54. اس سلسلے کا اگلا حرف کیا ہو گا؟......... J, F, M, A, M

(A) J (B) A

(C) S (D) O

55. درج ذیل میں سے مختلف شئے کی نشاندہی کریں:

(A) Car (B) Bicycle

(C) Bus (D) Train

56. ایک تصویر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ایک شخص کہتا ہے:"وہ میرے دادا کے اکلوتے بیٹے کی بیٹی ہے" تصویر میں موجود لڑکی اس شخص کی کیا لگتی ہے؟

(A) ماں (B) خالہ / پھوپھی

(C) بہن (D) کزن

57. اگر Sunday کو HFMWZB لکھا جاتا ہے تو Monday کو کیسے لکھا جائے گا؟

(A) NOXBYF (B) FONZAY

(C) NLMWZB (D) ZINXBY

58. لفظ "RABBIT" سے کون سا لفظ نہیں بنایا جا سکتا؟

(A) RAT (B) BAT

(C) BAG (D) BIT

59. اگر 7+6=1، 9+8=5، 8+4=0 ہو تو 9+3=؟

(A) 2 (B) 1

(C) 0 (D) 8

60. اگر BOOK کو DOOL لکھا جاتا ہے تو PEN کو کیسے لکھا جائے گا؟

(A) RON (B) POE

(C) ROE (D) REO

CODE : 75

.61 اگر + کا مطلب ÷، ÷ کا مطلب –، – کا مطلب × اور × کا مطلب + ہو تو ? = 10+5÷5−3×2

(A) 2 (B) 4

(C) 6 (D) 8

.62 اگر گزرے کل سے ایک دن پہلے جمعرات تھا تو آنے والے کل کے بعد کون سا دن ہو گا؟

(A) جمعہ (B) ہفتہ

(C) اتوار (D) پیر

.63 ایک شخص کا تعارف کرواتے ہوئے نیرج کہتا ہے: "اس کی بیوی میری بیوی کی اکلوتی بیٹی ہے" نیرج اس شخص کا کیا لگتا ہے؟

(A) باپ (B) دادا

(C) سسر (D) بیٹا

.64 اگر CORNER کو GSVRIV لکھا جاتا ہے تو CENTRAL کو کیسے لکھا جائے گا؟

(A) DFOUSBM (B) GIRXVEP


(C) GNFJKER (D) ان میں سے کوئی نہیں

.65 درج ذیل الفا-نیومیرک سلسلے میں سوالیہ نشان کی جگہ کیا آئے گا؟? C−3, E−5, G−7, I−9, ?, ?

(A) X−24, M−21 (B) K−11, M−13

(C) O−15, X−24 (D) M−18, K−14

.66 جس سطح (Face) کے سامنے والی طرف (Opposite side) عدد 3 ہے، اس کے مخالف طرف کون سا عدد ہو گا؟




(A) 1 (B) 2

(C) 4 (D) 5

67. یہ سوال نیچے دی گئی معلومات پر مبنی ہے۔ معلومات کو غور سے پڑھیں اور درست جواب منتخب کریں۔

پانچ دوست A، B،C، Dاور E ایک بینچ پر بیٹھے ہیں:

1. A، Bکے ساتھ بیٹھا ہے۔
2. C، Dکے ساتھ بیٹھا ہے۔
3. D، Eکے ساتھ نہیں بیٹھا۔
4. Eبینچ کے بائیں سرے پر ہے۔
5. Cدائیں طرف سے دوسری جگہ پر ہے۔
6. A، Bکے دائیں طرف اور E کے بھی دائیں طرف ہے۔
7. AاورCایک ساتھ بیٹھے ہیں۔


Aکہاں بیٹھا ہے؟

(A) Bاور D کے درمیان
(B) Dاور C کے درمیان
(C) Cاور E کے درمیان
(D) Bاور C کے درمیان

68. اگر REASON کو5اور BELIEVED کو7کوڈ کیا جائے،تو GOVERNMENT کا کوڈ کیا ہو گا؟

(A) 6
(B) 8
(C) 9
(D) 10

69. دی گئی شکل میں مثلثوں (Triangles) اور مربعوں (Squares) کی تعداد شمار کریں:



(A) 42مثلث،8مربع
(B) 46مثلث،8مربع
(C) 44مثلث،10مربع
(D) 44مثلث،12مربع

CODE : 75

70. نیچے دیے گئے سوال میں دو بیانات (Statements) دیے گئے ہیں جن کے بعد دو نتائج (Conclusions) دیے گئے ہیں۔ دیے گئے بیانات کو درست مانیں، چاہے وہ عام حقائق کے خلاف ہی کیوں نہ ہوں۔ یہ معلوم کریں کہ دیے گئے نتائج میں سے کون سا/کون سے نتائج منطقی طور پر ان بیانات سے ثابت ہوتے ہیں۔

**بیانات:** تمام Doraemons، Nobitas ہیں۔ کچھ Nobitas، Jiyans ہیں۔

**نتائج:** I- کچھ Doraemons، Jiyans ہیں۔

II- کچھ Jiyans، Nobitas ہیں۔

(A) صرف نتیجہ I درست ہے (B) صرف نتیجہ II درست ہے

(C) یا تو I یا II درست ہے (D) کوئی بھی درست نہیں

71. **بیانات:**

- کوئی زراف (Giraffe) تیندوا (Leopard) نہیں ہے۔
- تمام تیندوے کنگارو (Kangaroo) ہیں۔
- تمام کنگارو بھیڑیے (Wolfs) ہیں۔

**نتائج:**

(i) تمام کنگارو کبھی بھی زراف نہیں ہو سکتے۔

(ii) تمام زراف لازمی طور پر بھیڑیے ہیں۔

(A) اگر صرف نتیجہ (i) درست ہو (B) اگر صرف نتیجہ (ii) درست ہو

(C) اگر نتیجہ (i) یا نتیجہ (ii) میں سے کوئی ایک درست ہو (D) اگر دونوں نتائج (i) اور (ii) درست ہوں

72. اگر انگریزی حروف A سے Z کو الٹی ترتیب میں لکھا جائے تو بائیں سے 12 ویں حرف کے دائیں جانب چوتھا حرف کون سا ہوگا؟

(A) K (B) J

(C) R (D) L

73. ایک عورت ایک مرد کا تعارف کرواتے ہوئے کہتی ہے: "وہ میری ماں کی ماں کا اکلوتا بیٹا ہے۔" یہ عورت اس مرد کی کیا لگتی ہے؟

(A) ماں
(B) خالہ / پھوپھی
(C) بہن
(D) بھانجی / بھتیجی

74. اگر A × B کا مطلب ہے کہ A، B کے جنوب میں ہے؛ A+B کا مطلب ہے کہ A، B کے شمال میں ہے؛ A÷B کا مطلب ہے کہ A، B کے مشرق میں ہے؛ اور A–B کا مطلب ہے کہ A، B کے مغرب میں ہے؛ تو اظہار P ÷ Q + R – S میں، S کی پوزیشن Q کے مقابلے میں کس سمت میں ہے؟

(A) جنوب-مغرب
(B) جنوب-مشرق
(C) شمال-مشرق
(D) شمال-مغرب

75. ایک گھڑی دوپہر 12 بجے شروع کی جاتی ہے، 5 بج کر 10 منٹ تک، گھنٹے والی سوئی کتنے درجے (ڈگری) گھوم چکی ہوگی؟

(A) 145°
(B) 150°
(C) 155°
(D) 160°

## استدلال (Reasoning)

76. درج ذیل سلسلے کو دیکھیں: 12, 11, 13, 12, 14, 13, ......... اگلا عدد کیا ہوگا؟

(A) 10
(B) 16
(C) 13
(D) 15

77. درج ذیل سلسلے کو دیکھیں: 36, 34, 30, 28, 24, ........... اگلا عدد کیا ہوگا؟

(A) 22
(B) 26
(C) 23
(D) 20

78. کون سا لفظ باقی الفاظ سے غیر متعلق ہے؟

(A) index
(B) glossary
(C) chapter
(D) book

79. کون سا لفظ باقی الفاظ سے مختلف ہے؟

(A) معمولی (Trivial)
(B) غیر اہم (unimportant)
(C) اہم (important)
(D) غیر اہم (insignificant)

80. کون سا لفظ باقی الفاظ سے مختلف ہے؟

(A) پر (wing)
(B) پَر/پنکھ (Fin)
(C) چونچ (beak)
(D) پتوار (rudder)

81. کون سا لفظ باقی الفاظ سے مختلف ہے؟

(A) نفرت (hate)
(B) محبت (fondness)
(C) پسند (liking)
(D) لگاؤ (attachment)

82. مختلف لفظ کی نشان دہی کریں:

(A) انصاف پسند (just)
(B) منصفانہ (fair)
(C) مساوی/منصفانہ (equitable)
(D) متعصب (biased)

83. CUP : LIP :: BIRD :

(A) GRASS
(B) FOREST
(C) BEAK
(D) BUSH

84. Paw : Cat :: Hoof :

(A) Lamb
(B) Horse
(C) Elephant
(D) Tiger

85. Safe : Secure :: Protect :

(A) Lock
(B) Guard
(C) Sure
(D) Conserve

86. Melt : Liquid :: Freeze :

(A) Ice
(B) Solid
(C) Condense
(D) Push

CODE : 75

87. غیر رسمی اجتماع (Informal Gathering) اُس وقت ہوتا ہے جب لوگوں کا ایک گروہ غیر رسمی اور آرام دہ انداز میں اکٹھا ہو۔

نیچے دی گئی صورتِ حال میں سے کون سی اس کی بہترین مثال ہے؟

(A) مباحثہ کلب جو ہر مہینے کے پہلے اتوار کی صبح ملاقات کرتا ہے۔

(B) اپنی تنخواہ میں اضافہ کا علم ہونے کے بعد، جے اور اس کے چند ساتھی کام کے بعد جلدی سے کھانے کے لیے باہر جاتے ہیں۔

(C) مینا اپنی بڑی بہن کی بیچلر پارٹی کے لیے 10 دعوت نامے بھیجتی ہے۔

(D) جب روپ ایک چینی ریسٹورنٹ میں کھانا کھارہی تھی، اس کی ملاقات اچانک دیپیا سے ہو جاتی ہے۔

88. بعد از مرگ دیا جانے والا انعام (Posthumous Award) اُس وقت دیا جاتا ہے جب کسی شخص کی موت ہو جائے۔ نیچے دی گئی صورتِ حال میں سے کون سی اس کی بہترین مثال ہے؟

(A) مرحوم اداکارہ سری دیوی کو 2019 کے فلم فیئر میں بعد از مرگ لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ دیا گیا۔

(B) چترا نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ وہ اپنے ناول پر تیسرا ابوکر پرائز حاصل کرنے کے لیے زندہ رہے گی۔

(C) مینال کے پبلشر نے اس کا کتابی معاہدہ منسوخ کر دیا کیونکہ وہ وقت پر مسودہ فراہم نہ کر سکی۔

(D) ان میں سے کوئی نہیں

89. کار ڈیلر کو نئی XYZ کار کی بکنگ کے لیے زبردست ردِ عمل ملا، جس کی وجہ سے لمبی قطاریں لگ گئیں اور لوگ کاروباری اوقات اور انتظامات کے متعلق شکایت کرنے لگے۔

**ممکنہ اقدامات :**

I. لوگوں کو چاہیے کہ وہ XYZ کار کی بکنگ کے لیے جاتے وقت اپنے کھانے پینے (لنچ اور اسنیکس) کا خود انتظام کریں اور کئی گھنٹے گزارنے کے لیے تیار رہیں۔

II. زیادہ بکنگ ڈیسک قائم کیے جائیں اور کاروباری اوقات بڑھائے جائیں تاکہ کم وقت میں زیادہ لوگوں کو سہولت دی جاسکے۔

(A) اگر صرف I درست ہو
(B) اگر صرف II درست ہو
(C) اگر I یا II میں سے کوئی ایک درست ہو
(D) اگر دونوں میں سے کوئی بھی درست نہ ہو

CODE : 75

90. چوکنے دیہاتیوں نے مہلک ہتھیاروں سے لیس ڈاکوؤں کے ایک گروہ کو پکڑ لیا۔

**ممکنہ اقدامات:**

I. دیہاتیوں کو جدید (اعلیٰ) ہتھیار فراہم کیے جائیں۔

II. دیہاتیوں کو ان کی بہادری اور اتحاد پر انعام دیا جائے۔

(A) اگر صرف I درست ہو (B) اگر صرف II درست ہو

(C) اگر I یا II میں سے کوئی ایک درست ہو (D) اگر دونوں میں سے کوئی بھی درست نہ ہو

91. مسافر ٹرین کے 10 ڈبے پٹڑی سے اتر گئے اور دونوں طرف سے ٹرینوں کی آمد و رفت بند ہو گئی۔

**ممکنہ اقدامات :**

I. ریلوے حکام کو چاہیے کہ فوراً عملہ اور مشینری بھیج کر جگہ کو صاف کریں۔

II. دونوں سمتوں میں چلنے والی تمام ٹرینوں کو فوراً متبادل راستوں پر موڑ دیا جائے۔

(A) اگر صرف I درست ہو (B) اگر صرف II درست ہو

(C) اگر I یا II میں سے کوئی ایک درست ہو (D) اگر دونوں I اور II درست ہوں

92. کیون، جوزف، اور نکولس تین بھائی ہیں۔ اگر درج ذیل تمام بیانات درست ہیں تو ان میں سب سے چھوٹا کون ہے؟

- کیون سب سے بڑا ہے۔
- نکولس سب سے بڑا نہیں ہے۔
- جوزف سب سے چھوٹا نہیں ہے۔

(A) جوزف (B) کیون

(C) نکولس (D) جوزف اور نکولس دونوں

93. **بیان:** غصہ ایک توانائی ہے، اور اسے صحیح طریقے سے استعمال (چینلائز) کرنا بذاتِ خود ایک مہارت ہے۔

**مفروضات:**

I. غصے کو درست سمت میں استعمال کرنا ضروری ہے۔

II. صرف ماہر لوگ ہی غصے کو توانائی میں تبدیل کر سکتے ہیں۔

(A) اگر صرف مفروضہ I شامل ہو (B) اگر صرف مفروضہ II شامل ہو

(C) اگر I یا II میں سے کوئی ایک شامل ہو (D) اگر دونوں میں سے کوئی بھی شامل نہ ہو

94. **بیان:** دوائی 'P' ایک ایسی دوا ہے جو طبی میدان میں ہلچل پیدا کر رہی ہے۔

**مفروضات:**

I. طب کے میدان میں کوئی اور دوا ہلچل پیدا نہیں کر رہی۔

II. دوا 'P' ایک بہت بہترین دوا ہے۔

(A) اگر صرف مفروضہ I شامل ہو
(B) اگر صرف مفروضہ II شامل ہو
(C) اگر I یا II میں سے کوئی ایک شامل ہو
(D) اگر دونوں میں سے کوئی بھی شامل نہ ہو

**ہدایات: سوالات 95 تا 99 کے لیے نیچے دیا گیا پیراگراف غور سے پڑھیں اور اس کی بنیاد پر سوالات حل کریں۔**

گیا کالج میں سات پروفیسرز A، B، C، D، E، F اور G ہیں جو سات مضامین (تاریخ، جغرافیہ، فزکس، کیمسٹری، ریاضی، حیاتیات اور انگریزی) پیر سے جمعہ تک پڑھاتے ہیں۔ ہر پروفیسر ایک مختلف مضمون پڑھاتا ہے اور ایک دن میں زیادہ سے زیادہ دو مضامین پڑھائے جاتے ہیں۔

i. کیمسٹری پروفیسر B منگل کو پڑھاتے ہیں۔

ii. پروفیسر D جمعہ کو پڑھاتے ہیں لیکن نہ جغرافیہ پڑھاتے ہیں اور نہ ہی فزکس۔

iii. پروفیسر F تاریخ پڑھاتے ہیں لیکن نہ جمعرات کو اور نہ ہی جمعہ کو۔

iv. پروفیسر A انگریزی اسی دن پڑھاتے ہیں جس دن تاریخ پڑھائی جاتی ہے۔

v. پروفیسر C پیر کو ریاضی پڑھاتے ہیں۔

vi. جغرافیہ اور کیمسٹری ایک ہی دن پڑھائے جاتے ہیں۔

vii. پروفیسر G جمعرات کو پڑھاتے ہیں۔

95. ان میں سے کس دن انگریزی پڑھائی جاتی ہے؟

(A) بدھ
(B) پیر
(C) منگل
(D) معلوم نہیں کیا جا سکتا

96. درج ذیل میں سے کون سا مضمون پروفیسر G پڑھاتے ہیں؟

(A) حیاتیات
(B) جغرافیہ
(C) فزکس
(D) کیمسٹری

97. درج ذیل میں سے کس دن جغرافیہ پڑھایا جاتا ہے؟

(A) پیر (B) منگل

(C) بدھ (D) جمعرات

98. جمعہ کے دن کون سا مضمون پڑھایا جاتا ہے؟

(A) فزکس (B) تاریخ

(C) جغرافیہ (D) حیاتیات

99. درج ذیل میں سے کون سا جوڑا منگل کے دن پڑھاتا ہے؟

(A) Bاور D (B) Aاور B

(C) Bاور F (D) ان میں سے کوئی نہیں

100. اگر X ، Y کے بیٹے کے بیٹے کا بھائی ہے، تو X کا Y سے کیا رشتہ ہے؟

(A) پوتا (B) بیٹا

(C) کزن (D) معلوم نہیں کیا جا سکتا

* * *

CODE : 75

**Rough Work**